# پرووِیڈنس پاسٹپل (Providence Hospital)

مریض کی مالی معاونت

| | |
|---|---|
| نمبر: | 9.09 |
| ڈپارٹمینٹ: | مالیات |
| لاگو ہونے کی تاریخ: | 19 اگست، 2004 |
| آخری نظرثانی: | 15 ستمبر، 2017 |
| اگلی مقرر تاریخ: | 30 جون، 2020 |
| پر قابل اطلاق: | پرووِیڈنس ہاسپٹل اور پرووڈنس ہیلتھ سسٹم |

**پالیسی/اصول**

ہنگامی یا طبی طور پر دیگر ضروری نگہداشت فراہم کرنے کے لیے منصفانہ طرز عمل کو یقینی بنانا پرووِیڈنس پاسٹپل ("ادارے") کی پالیسی ہے۔ یہ پالیسی خاص طور مالی معاونت کی اہلیت کے حوالہ سے ان مریضوں کے لیے ترتیب دی گئی ہے جنہیں مالی معاونت کی ضرورت ہے اور ادارے کی جانب سے علاج حاصل کرتے ہیں۔

1. تمام مالی معاونت انفرادی انسانی عزت اور فلاح عامہ کے لیے ہمارے عزم و احترام، غربت میں زندگی گزارنے والے افراد کے لیے ہماری تشویش اور ان کے ساتھ اور دیگر غیرمحفوظ افراد کے ساتھ ہماری یکجہتی اور تقسیمی انصاف اور سرپرستی کے حوالہ سے ہمارے عزم کی عکاس ہو گی۔

2. اس پالیسی کا اطلاق تمام ہنگامی اور طبی لحاظ سے ضروری دیگر خدمات پر ہوتا ہے جو ادارے کی جانب سے فراہم کی جاتی ہیں، بشمول لاگو کردہ فزیشن کی خدمات اور نفسیاتی صحت۔ اس پالیسی کا اطلاق انتخابی طریقہ کار کی ادائیگی کے انتظامات پر یا ایسے دیگر علاج پر نہیں ہوتا ہے جو ہنگامی علاج نہیں ہے یا طبی طور پر ضروری نہیں ہے۔

3. نمائش اے میں منسلک اسی طرح کا فارمیٹ کا استعمال کرتے ہوئے، مالی معاونت کی پالیسی کے ذریعہ احاطہ شدہ فراہم کنندگان کی فہرست، تنظیموں کی سہولیات کے اندر دیکھ بھال فراہم کرنے والے کسی بھی فراہم کنندہ کی ایک فہرست فراہم کرتی ہے جو بیان کرتا ہے کہ مالی معاون پالیسی کے ذریعہ کس کا احاطہ ہوا ہے اور کس کا نہیں ہوا
۔

**تعریفات**

اس پالیسی کے مقاصد کے لیے، مندرجہ ذیل تعریفات کا اطلاق ہو گا:

- **"501(r)"** سے مراد انٹرنل رَوینیو کوڈ کا سیکشن 501(r) اور اس کے تحت لاگو ہونے والے قوانین ہیں۔
- ہنگامی یا طبی لحاظ سے ضروری دیگر علاج کے حوالہ سے **"Amount Generally Billed"** (عام طور پر بل کردہ رقم) یا **"AGB"** سے مراد وہ رقم ہے جو عام طور پر ایسے افراد کو بل کی جاتی ہے جن کے پاس ایسے علاج کا احاطہ کرنے والی انشورینس ہوتی ہے۔
- **"کمیونٹی"** سے مراد میری لینڈ، ورجینیا، اور واشنگٹن ڈی سی کے شہر کی حدوں کے باشندے ہے۔
- **"ہنگامی علاج"** سے مراد مریض کو شدید، زندگی کو خطرہ پیدا کرنے والی، یا معذور کرنے والی حالت کی وجہ سے فوری طور پر طبی مداخلت کی ضرورت ہوتی ہے۔ عام طور پر مریض کو ہنگامی کمرے کے ذریعہ دیکھا اور / یا بھرتی کیا جاتا ہے۔
- **"طبی لحاظ سے ضروری علاج"** سے مراد وہ علاج ہے جسے لائسنس یافتہ فراہم کنندہ کے ذریعے طبی معیار کے تعین کے بعد طبی طور پر لازمی ہونا متیعن کیا جائے۔ اس صورت میں جب اس پالیسی کے ذریعہ احاطہ شدہ علاج کی درخواست مریض کرتا ہے، تو جائزہ لینے والے معالج کے ذریعہ طبی طور پر ضروری نہ ہونا تعیین کیا جاتا ہے، یہ کہ اس تعّین کی توثیق بھرتی کرنے والے یا ریفر کرنے والے معالج کے ذریعے بھی

ضروری ہے۔

- **"ادارہ"** سے مراد پرووِیڈنس پاسپٹل، واشنگٹن ڈی سی ہے۔
- **"مریض"** سے مراد وہ افراد ہیں جو ادارے کی جانب سے ہنگامی یا طبی لحاظ سے ضروری علاج وصول کرتے ہیں اور وہ شخص جو مالی لحاظ سے مریض کے علاج کا ذمہ دار ہے۔

**<u>فراہم کی گئی مالی معاونت</u>**

1. وفاقی سطحِ غربت ("FPL") کے 250% سے کم یا اس کے مساوی گھریلو آمدنی والے مریض 100% خیراتی علاج کے اہل ہوں گے جو خدمات کے چارجز کے اس حصہ کے قلم زد کر دے گا جس کا بیمہ کار کی ادائیگی کے بعد مریض ذمہ دار ہوتا ہے، اگر کوئی ہے۔
2. کم سے کم سطح پر، FPL کے 250% سے زیادہ لیکن FPL کے 400% سے کم گھریلو آمدنی والے مریض ان فراہم کردہ خدمات کے چارجز کے حصہ پر تدریجی شرح سے رعائیت وصول کریں گے جس کا مریض بیمہ کار کی ادائیگی کے بعد ذمہ دار ہوتا ہے، اگر کوئی ہو تو۔ تدریجی شرح کی رعائیت کے اہل مریض پر شمار کردہ AGB چارجز سے زیادہ چارج نہیں کیا جائے گا۔ تدریجی شرح کی رعائیت حسب ذیل ہے:

**سالانہ ہدایات**

| رعائیت | 100% | 90% | 80% | 70% |
|---|---|---|---|---|
| FLP | 250%> | 300% | 350% | 400% |

3. FPL کے 400% سے زیادہ گھریلو آمدنی والے واضح مالی ضروریات کے حامل مریض "Means Test" کے تحت زیر غور لائے جانے کے اہل ہو سکتے ہیں، ادارے کی جانب سے خدمات کے چارجز پر کچھ رعایت کے ان کی ادائیگی کی صلاحیت کے حقیقی جائزے کی بنیاد پر۔ پرووِیڈنس پاسٹپل ان درخواست دہندگان کے لیے طبی افلاس مدنظر رکھے گا جن کی FPL کا 400% سے زائد ہو۔ جب کل بقایا طبی قرض گزشتہ سال کی مجموعی گھریلو آمدنی سے زیادہ ہے تو، مریض مالی معاونت کے لئے اہل ہو جائے گا جو 95% خرچ سے زائد نہیں ہو گی۔ "Means Test" کی رعایت کے اہل مریض پر شمار کردہ AGB چارجز سے زیادہ چارج نہیں کیا جائے گا۔
4. اس مریض کے لئے جو کچھ انشورینس کے منصوبوں میں حصہ لیتا ہے جسے ادارہ "نیٹ ورک سے بالا" مانتا ہے، تو ادارہ مالی معاونت کو کم یا مسترد کرسکتا ہے جو دوسری صورت میں مریض کی انشورینس کی معلومات اور دیگر متعلقہ حقائق اور حالات پر مبنی جائزے کی بنیاد پر مریض کے لیے دستیاب ہو گا۔
5. مریض جو 100% خیراتی علاج کے لیے اہل ہیں اس سے پرووِیڈنس ہاسپٹل اور/یا پرووِیڈنس ہیلتھ سروسز کی جانب سے موصول فی خدمت کے لیے فلیٹ فیس $20.00 لی جاسکتی ہے۔
6. مالی معاونت کے لیے اہلیت کا تعین مالیاتی دور میں کسی بھی وقت کیا جا سکتا ہے اور اہلیت کا تعین کرنے کے لیے قیاسی سکورنگ بھی شامل ہو سکتی ہے درخواست گزار کی مالی معاونت کی درخواست مکمل کرنے میں ناکامی کے باوجود ("FAP درخواست")۔
7. مالی معاونت کے لیے اہلیت کسی بھی بیلنس کے حساب سے کی جانی چاہیے جس کا مالی لحاظ سے ضرورت مند مریض ذمہ دار ہے۔

8. مالی معاونت کی اہلیت کے حوالہ سے ادارے کے فیصلے کے خلاف مریضوں اور اہل خانہ کی جانب سے اپیل کا طریقہ کار حسب ذیل ہے:
   a. مریض/ضمانت داران مالیاتی مشاورتی ڈپارٹمینٹ کے پاس گھریلو آمدنی کی توثیق یا اضطراری حالات کی وضاحت جیسی اضافی معلومات فراہم کرکے مالی معاونت کے تعیین کی اپیل کرسکتا

ہے۔

b. پرووویڈنس پاسپٹل کا 100% خیراتی علاج اور مالی معاونت کی اپیلوں کی کمیٹی کے ذریعہ تمام اپیلوں کو زیر غور لائے گا اور کمیٹی کے فیصلے تحریری صورت میں اپیل دائر کرانے والے مریضوں یا اہل خانہ کو بھیجے جائیں گے۔

**مالی معاونت کے لیے نا اہل مریضوں کے لیے دیگر معاونت**

ایسے مریض جو مالی معاونت کے اہل نہیں ہیں، جیسا کہ اوپر بیان کیا گیا ہے، وہ تا حال ادارہ کی جانب سے پیش کردہ معاونت کی دیگر اقسام کے اہل ہو سکتے ہیں۔ تکمیل کے غرض سے، معاونت کی یہ دیگر اقسام یہاں مندرج کی گئی ہیں، اگرچہ یہ ضرورت پر مبنی نہیں ہیں اور نہ ہی ان سے مقصود 501(r) کا پابند ہونا ہے لیکن پرووویڈنس پاسپٹل کے ذریعہ خدمت فراہم کردہ کمیونٹی کی سہولت کے لیے یہاں شامل کی گئی ہیں۔

1. غیر بیمہ شدہ مریض جو مالی معاونت کے اہل نہیں ہیں انہیں اس تنظیم کے سب سے زیادہ ادا کرنے والے ادا کنندہ کو فراہم کردہ رعایت کی بنیاد پر رعایت فراہم کی جائے گی۔ سب سے زیادہ ادا کرنے والا ادا کنندہ لازماً ادارے کی آبادی کا 3% شمار ہوتا ہو جیسا کہ بنیادی مریض کے محصولات کے والیوم سے پیمائش کی جاتی ہے۔ اگر ایک ادا کنندہ والیوم کی اس کم سے کم سطح کا شمار نہیں کرتا، ایک سے زیادہ ادا کنندہ معاہدہ کا اوسط اتنا ہو کہ اوسط کے لیے استعمال ہونے والی ادائیگی کی شرائط ادارے کے اس سال کے کاروبار کے والیوم کا کم سے کم 3% ہو۔
2. غیر انشورینس شدہ مریض کی رعایت: رعائیت کی رقم غیر انشورینس یافتہ مریضوں کے ذریعہ خرچ کردہ خوردہ (مجموعی) چارجز یا مہیا کردہ خدمات کے لیے65% پر لاگو ہوتی ہے۔

**مالی معاونت کے اہل مریضوں کے لیے چارجز کی حدود**

مالی معاونت کے لیے اہل مریضوں سے ہنگامی یا طبی لحاظ سے ضروری دیگر علاج کے لیے انفرادی طور پر AGB سے زیادہ چارج نہیں کیا جائے گا اور نہ ہی دیگر تمام علاج کے لیے بنیادی چارجز سے زیادہ چارج کیا جائے گا۔ ادارہ ایک یا زائد AGB فیصد کا شمار کرتا ہے "پیچھے-دیکھیں" کا طریقہ استعمال کرکے اور Medicare فیس برائے خدمت شامل کرکے اور صحت کے تمام نجی بیمہ کاروں کو جو ادار ے کو دعوؤں کی ادائیگی کرتے ہیں، سب کا سب 501(r) کے مطابق۔ مالیاتی مشاورت کا ڈپار ٹمینٹ (نمائش بی) کے پاس درخواست کر کے AGB حساب کی وضاحت اور فیصد (وں) کی ایک مفت کاپی حاصل کی جا سکتی ہے۔

# پرووِیڈنس پاسٹپل (Providence Hospital)

مریض کی مالی معاونت

**مالی معاونت اور دیگر معاونت کے لیے درخواست دینا**

ایک مریض قیاسی اسکورنگ اہلیت کے ذریعے یا مکمل FAP درخواست کے جمع کروا کر مالی معاونت کے لیے درخواست دے کر مالی معاونت کا اہل ہو سکتا ہے۔ اگر مریض FAP درخواست پر یا ممکنہ اسکور کی اہلیت کے عمل کے تعلق سے غلط معلومات فراہم کرتا ہے تو مریض کی مالی معاونت کو مسترد کیا جا سکتا ہے۔ FAP درخواست اور FAP درخواست کی ہدایات دستیاب ہیں۔ براہ کرم مخصوص ہدایات کے لیے نیچے دیکھیں:

پرووِیڈنس پاسٹپل:
FAP درخواست اور FAP درخواست کی ہدایات کو تلاش کیا جاسکتا ہے:

- ملاحظہ کرکے http://www.provhosp.org/patients-guests
- پرووِیڈنس پاسٹپل کو تحریر کریں، بتوجہ: Financial Counseling & Eligibility Services (Ground Flr), 1150 Varnum St., NE, Washington, DC 20017
- مالیاتی مشاورت کے دفتر سے 4081-854 (202) براہ راست رابطہ کریں۔
- پرووِیڈنس پاسٹپل میں مالیاتی مشاورت کے دفتر کی زیارت کرنا۔

مکمل کردہ درخواست کو مالیاتی مشاورت کے دفتر کے پاس جمع کرنا ضروری ہے۔

پرووِیڈنس ہیلتھ سروسز:

- اپنے معالج کے آفس سے درخواست کرنا
- NRSC مالیاتی معاونت کے نمائندہ کو تحریر بھیجیں، 10330 N. Meridian Street, 2N PFS, Indianapolis, Indiana 46290
- NRSC مالیاتی معاونت کے نمائندہ سے 800-566-5050 پر براہ راست رابطہ کریں۔

**بل کاری اور کلیکشن**

وہ کاروائیاں جو ادارہ عدم ادائیگی کی صورت میں کر سکتا ہے وہ بل کاری اور کلیکشن کی پالیسی میں علیحدہ بیان کی گئی ہیں۔ مالیاتی مشاورت آفس کے ذریعہ بل کاری اور کلیکشن کی مفت نقل حاصل کی جا سکتی ہے۔

**تعبیر**

اس پالیسی کا مقصد 501(r) پر عمل درآمد ہے، ماسوائے اس کے جہاں خاص طور پر نشان زد کیا گیا ہو۔ یہ پالیسی، تمام قابل اطلاق طریقوں کے ساتھ، 501(r) کے مطابق تعبیر اور نافذ کی جائے گی ماسوائے اس کے جہاں خاص طور پر واضح کیا گیا ہو۔